# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 17 February-2026

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۷؍فروری ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## :::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ وزیراعظم نریندر مودی فرانس کے صدر ایمانیوئل میکروں کے ساتھ آج مختلف تقریبات میں شرکت کے لیے ممبئی میں۔

☆ ممبئی میں ملک کی پہلی آب و ہوا کانفرنس آج۔

☆ گنے کے کاشتکاروں کی FRP کے لیے شوگر فیکٹریوں سے 10 ؍کروڑ روپیوں کی بینک گارنٹی۔

☆ CBSE کے دسویں اور بارہویں کے امتحانات آج سے شروع۔

اور۔۔۔☆ بارہویں جماعت کے امتحان میں نقل کرنے پر چھترپتی سمبھاجی نگر میں 18 افراد معطل جبکہ ناندیڑ میں امتحانی مرکز کو وجہ بتاؤ نوٹس۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیراعظم نریندر مودی آج ممبئی کا دورہ کریں گے۔فرانسسی صدر ایمانیوئل میکراں کل بھارت کے تین روزہ دورے پر ممبئی پہنچے۔دونوں رہنما آج ممبئی کے لوک بھون میں ملاقات کریں گے۔وہ دونوں ممالک کے درمیان اسٹریٹجک پارٹنر شپ کا جائزہ لیں گے۔اس کے بعد مودی اور میکراں مشترکہ طور پر انڈیا۔فرانس انوویشن سال 2026 کا افتتاح کریں گے۔ پروگرام میں دونوں ممالک کے بڑے تاجر، صنعت کار، محقق اور اختراع کار شرکت کریں گے۔وزیراعظم نے ایمانیوئل میکراں کو نئی دہلی میں منعقد ہونے والے اے آئی امپیکٹ کانفرنس میں مدعو کیا ہے۔

***** ***** *****

دریں اثناء اے آئی امپیکٹ 2026 کا باضابطہ افتتاح کل وزیراعظم نے کیا۔اس سے پہلے انہوں نے بھارت منڈپم میں مختلف کمپنیوں اور اداروں کی جانب سے لگائے گئے اسٹالز کا معائنہ کیا اور ان کی ٹیکنالوجیز کے بارے میں معلومات حاصل کی۔اس کانفرنس میں ایک سو سے زائد ممالک کو شرکت کی دعوت دی گئی ہے۔

***** ***** *****

ملک کا پہلا موسمیاتی سربراہی اجلاس آج ممبئی کے باندرہ کرلا کامپلیکس میں واقع جیو ورلڈ میں شروع ہوگا۔تین روزہ اجلاس ملک کے دونوں خلابازوں راکیش شرما اور شوبھانشو شکلا کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرے گا۔کرکٹ کھلاڑی سچن تینڈولکر ان دونوں خلابازوں کو مبارکباد دیں گے۔یہ تقریب مختلف سماجی تنظیموں، سماجی شعبے کے قائدین، صنعت کے پائیدار ماہرین کو اکھٹا کرے گی۔ بھارت اور گلوبل ساؤتھ کے لیے آب و ہوا کے حل پر تبادلۂ خیال کرے گی۔

***** ***** *****

***** ***** *****

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے یقین ظاہر کیا کہ آج مارچ کے آخر تک ملک بھر سے نکسل ازم ختم ہو جائے گا۔ وہ کل نئی دہلی میں دلی پولس فورس کے 79 ویں یوم تاسیس کے موقع پر منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کرر ہے تھے۔ شاہ نے کہا کہ 11 ریاستوں میں نکسل ازم ہمیشہ سے ملک کی داخلی سلامتی کے لیے ایک بڑا چیلنج رہا ہے۔ لیکن جلد ہی اس کا مکمل خاتمہ ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا۔۔۔۔

**BYTE: Union Home Minister, Amit Shah**

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس نے ریاستی اقلیتی ترقی محکمے کے ذریعے 75 اسکولوں کو اقلیتی درجہ دینے کے لیے سرٹیفکیٹس کی تقسیم کو روک دیا ہے۔ اس عمل کے خلاف اعتراضات اٹھائے جا رہے ہیں کیونکہ یہ سرٹفکیٹس نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار کی موت کے بعد ریاست کے سوگ کے دوران جاری کئے گئے تھے۔ فڑنویس نے اعلیٰ سطحی عہدے داروں سے معاملے کی تحقیقات کا حکم دیا ہے اور قصورواروں کے خلاف سخت کارروائی کے احکامات دیئے ہیں۔ نائب وزیر اعلیٰ اور اقلیتی ترقی کی وزیر سنیترا پوار نے ان معاملات کی مکمل جانچ کرنے اور قصورواروں کے خلاف سخت کارروائی کرنے کی ہدایات دی ہیں

***** ***** *****

شوگر ملوں کے لیے یہ لازمی قرار دیا گیا ہے کہ وہ مقررہ مدت کے اندر گنے کے کاشتکاروں کو FRP کے طور پر منصفانہ اور کفایتی نرخ ادا کریں، اس کے لیے حکومت شوگر ملوں سے 10 کروڑ روپیئے بینک گیارینٹی لے گی۔ اگر مقررہ مدت کے اندر FRP کی رقم ادا نہیں کی گئی تو گنے کے کاشتکاروں کو اس بینک گیارینٹی سے رقم تاخیر پر سود کے ساتھ دی جائیگی۔ بینک گیاینٹی کی رقم ان فیکٹریوں کو واپس کی جائے گی جو کٹائی کے سیزن کے بعد مقررہ مدت کے اندر رقم ادا کریں گے۔

دریں اثناء شوگر کمشنر ڈاکٹر سنجئے کولتے نے 45 شوگر فیکٹریوں کو نوٹس جاری کیا ہے جنہوں نے FRP کی 60 فیصد سے کم ادائیگی کی ہے۔ ان کی سماعت آج اور کل کمشنریٹ میں ہوگی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

نیشنلسٹ کانگریس پارٹی کے قومی صدر کے عہدے کے انتخاب کے لیے 26 فروری کو پارٹی کی Executive Committee کا اجلاس منعقد کیا گیا ہے۔ یہ فیصلہ نائب وزیر اعلیٰ سنیترا پوار کی رہائش گاہ پر منعقدہ ممبران اسمبلی کی میٹنگ میں لیا گیا۔

***** ***** *****

بچوں کے مفت اور لازمی تعلیم کے حق کے قانون RTE کے تحت سال 27-2026 کے لیے آن لائن داخلے کا عمل آج سے شروع ہو رہا ہے۔ یہ اطلاع محکمۂ پرائمری اسکول ایجوکیشن کے ڈائریکٹر شرد گوساوی نے دی۔ داخلے کا یہ عمل دس مارچ تک جاری رہے گا۔

***** ***** *****

سینٹرل بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن CBSE آج سے دسویں اور بارہویں جماعت کے امتحانات شروع کر رہا ہے۔ امتحانات مقررہ امتحانی مراکز پر صبح ساڑھے دس سے دوپہر دیڑھ بجے تک ہونگے۔ 10 ویں کے امتحانات دس مارچ کو اور بارہویں کے نو اپریل کو ختم ہوں گے۔ تمام طلباء جنہوں نے دسویں پاس کی ہے ہو سائنس، ریاضی، سماجی سائنس اور زبان کے کسی بھی مضمون میں اپنے معیار کو بہتر بنانے کے لیے دوسرے امتحان میں شرکت کر سکیں

گے لیکن متعلقہ طالب علم کے لیے پہلے امتحان میں کم از کم تین مضامین کا امتحان دینا لازمی ہوگا۔

***** ***** *****

ریاستی تعلیمی بورڈ کے بارہویں جماعت کے امتحان کے دوران نقل کرنے کے معاملے میں 18 لوگوں کو کنڑ، ضلع چھترپتی سمبھا جی نگر کے جیت پور میں معطل کر دیا گیا ہے۔ مکمل چھان بین کے بعد CCTV فوٹیج اور سرکاری رپورٹس سے واضح ہوا ہے کہ متعلقہ امتحانی مرکز کے اساتذہ اور عملے نے امتحانی قواعد کی خلاف ورزی کی ہے۔ جس کے بعد یہ کارروائی کی گئی۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع کے قندھار تعلقے کے امبونگا میں مانک پربھو ہائر سیکنڈری اسکول کے امتحانی مرکز کو بے ضابطگیوں پر وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا گیا ہے۔ ضلع کلکٹر راہل کرڈیلے نے کل مرکز کا اچانک دورہ کیا۔ اس دورے کے دوران مختلف سنگین غلطیاں پائی گئیں۔ کرڈیلے نے ان بے ضابطگیوں کے بارے میں وجہ بتاؤ نوٹس اور مرکز کو منسوخ کرنے کی تجویز پیش کرنے کی بھی ہدایت دی۔

دریں اثناء ناندیڑ ضلع کے مختلف امتحانی مراکز میں سات طلبہ کے خلاف قواعد کے مطابق نقل کرنے پر کارروائی کی گئی ہے۔ اور متعلقہ مرکز کے ڈائریکٹروں اور بیٹھک ٹیموں کو وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

ہریانہ کے فرید آباد میں منعقدہ حالیہ سورج کنڈ میلے میں پربھنی ضلع سے تعلق رکھنے والی شکھا اجمیرا نے اپنا منفرد کپڑے پر شکھا ج کاریگری پیش کی۔ کپڑوں پر بھارت کی پینٹنگ کے مختلف انداز دکھائے گئے ہیں۔ شکھا نے اس بارے میں اطلاع دی۔ انہوں نے بتایا۔۔۔۔

**BYTE: Shikha Ajmera**

چھترپتی سمبھا جی نگر میں خواتین کی زیر قیادت یہ پہل حکومت ہند کی ''ایک ضلع ایک پروڈکٹ'' اسکیم کا آفیشیل پارٹنر ہے۔ اور یہ وزارت ٹیکسٹائل کے انڈیا ہینڈ میڈ پلیٹ فارم سے وابستہ ہے۔ فی الحال سو سے زائد معزز دستکار اور فنکار اس پہل سے وابستہ ہیں۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع کے ہیوسالہ نقل معاملے میں پانچ اساتذہ کے معطل کئے جانے کی اطلاع ہے جبکہ کئی دیگر اساتذہ کے خلاف کارروائی کا امکان ہے۔

***** ***** *****

ڈائریکٹریٹ آف کلچرل افیئرز کا لیگل ڈرامہ فیسٹول ہنگولی میں منعقد ہوا۔ اس تین روزہ میلے میں ریاست کے مختلف حصوں کے لوک فنکاروں نے روایتی لوک فنون پیش کئے۔

***** ***** *****

سمپورنتا ابھیان کا دوسرا مرحلہ کل دھاراشیو ضلع میں شروع ہوا۔ ضلع کلکٹر کیرتی کرن پجار نے ضلع کے تمام محکموں کے ملازمین، آشا رضا کاروں اور آنگن واڑی کارکنانوں سے اس مرحلے میں کام کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

لاتور کے پورن مل لاہوتی سرکاری تکنکی کالج کے روبرو دو گروپوں کے درمیان ہوئے تصادم میں ایک طالب علم کی موت ہوگئی جبکہ دیگر تین زخمی ہوگئے۔ یہ واقعہ اتوار کی شام کو پیش آیا۔ مہلوک طالب علم کی شناخت وکرم پانچاڑ کے طور پر کی گئی ہے۔ پولس نے اس معاملے میں ملزم شری دھر پاٹل سمیت تین نابالغ ملزمین کو حراست میں لیا ہے جبکہ کالج کے احاطے میں سیکیورٹی بڑھا دی گئی ہے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

- ☆ وزیرِاعظم نریندر مودی فرانس کے صدر ایمانیوئل میکروں کے ساتھ آج مختلف تقریبات میں شرکت کے لیے ممبئی میں۔
- ☆ ممبئی میں ملک کی پہلی آب و ہوا کانفرنس آج۔
- ☆ گنّے کے کاشتکاروں کی FRP کے لیے شوگر فیکٹریوں سے 10 کروڑ روپیوں کی بینک گارنٹی۔
- ☆ CBSE کے دسویں اور بارہویں کے امتحانات آج سے شروع۔

اور۔۔۔☆ بارہویں جماعت کے امتحان میں نقل کرنے پر چھترپتی سمبھا جی نگر میں 18 افراد معطل جبکہ ناندیڑ میں امتحانی مرکز کو وجہ بتاؤ نوٹس۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****